# دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## مرکز برائے جدت واختراعیت وکارجوئی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آئی آئی سی سات اعشاریہ صفر کے تحت
## ’’سرمایہ کی فراہمی اوراسٹارٹ اپس کے لیے مالیات کا بندوبست‘
## کے موضوع پر ورکشاپ منعقد کیا

New Delhi, April 29, 2025

سینٹر فار انوویشن، (سی آئی ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے انسٹی ٹیوشنز انوویشن کونسل (آئی آئی سی سات اعشاریہ صفر) کے تحت ’ریزنگ کیپیٹل اینڈ مینیجنگ فینانس فار اسٹارٹ اپس‘ کے موضوع پر انتیس اپریل دو ہزار پچیس کو صبح گیارہ بجے ایک ورکشاپ منعقد کیا۔ورکشاپ سی آئی ای کے لائیو لی ہوڈ بزنس انکیوبیٹر (ایل بی آئی) میں منعقد ہوا تھا جس میں ابھرتے ہوئے انٹر پرنورز اور یونیورسٹی کے اسٹارٹ اپ بانیان نے پر جوش شرکت کی۔

آئی آئی سی سات اعشاریہ صفر کووزارت تعلیم کی جدت سیل کے رہنما اصولوں کے مطابق کیا گیا جس کا مقصد ملک بھر کے اعلی تعلیمی اداروں میں جدت واختراعیت اور کارجوئی کی فضا کو عام کرنا ہے۔

اجلاس کے ممتاز مقررین میں جرمنی کے یوروپی انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ کے انٹر پرینورشپ ماہر اور کوفاؤنڈر اور سی ای او ،افریقہ گرین ٹیک اے جی اور ممتاز اسٹارٹ اپ کوچ پروفیسر وولف گینگ ریمس تھے۔پروفیسر ریمس نے کامیاب انٹر پرینور کی بنیادی خوبیوں اور صفات کے سلسلے میں اہم معلومات ساجھا کیں اور اسٹارٹ اپ کی ترقی میں بہتر مالی بندوبست کی اہمیت اجاگر کی۔ان کے انٹرایکٹیوسیشن میں شرکا کو براہ راست بات کرنے کا موقع ملا اور انھوں نے سرمایہ میں اضافہ کرنا اور اس کی فراہمی اور مالیاتی منصوبہ بندی سے متعلق اہم سوالات پوچھے جس کے اطمینان بخش جوابات انھیں ملے۔

سیشن کے دوران پروفیسر ریمس نے فعال اور سرگرم بازار کے ماحول میں کسی بھی اسٹارٹ اپ کی کامیابی کے لیے مسئلے کوحل کرنے کی تدبیر اور اہم فیصلہ سازی کے فریم ورک کو وضاحت سے بیان کیا۔

ورکشاپ کے علاوہ بیسک آف بیکری میں رجسٹرڈ طلبہ کے تیار کردہ بیکری کے سامان کی جانچ بھی ہوئی۔بیکری کے سامان کی تیاری میں تخلیقیت اور ہنر سے طلبہ نے کام لیا تھا۔ان میں معیار، پرزینٹیشن، ذائقہ اور جدت کو جانچا گیا۔اس سرگرمی کا مقصد

طلبہ میں کارجویانہ ہنر اور طباخی کی افضلیت کی حوصلہ افزائی کرنا نیز متنوع کارجویانہ صلاحیتوں کے فروغ کے تئیں سینٹر کے عہد کو اجاگر کرنا تھا۔

پروفیسر ریحان خان سوری کے اظہار تشکر پر پروگرام اختتام پذیر ہوا۔انھوں نے مہمان مقرر کی تعریف کی اور طلبہ میں کارجویائی اور جدت کے فروغ کے لیے اپنے لگا تار تعاون اور مدد کا یقین دلایا۔انھوں نے طلبہ کے اسٹارٹ اپس کو بہتر کرنے کے سلسلے میں سینٹر کے عہد کے ساتھ ساتھ انھیں اس کام کی موثر انجام دہی میں انھیں مطلوبہ وسائل کی فراہمی کا اعادہ کیا۔

ورکشاپ کے اہم شرکا میں ابھرتے اسٹارٹ اپس جیسے کرشی گرو، انروستا تھری سکھٹی، کلنک کارٹ، مندھائل، انروڈ، اسپیس ایرا وغیرہ کے فاؤنڈر اور کوفاؤنڈر شامل تھے۔

پروگرام میں پروفیسر نصیب احمد، کنوینز، آئی آئی سی سات اعشاریہ صفر، پروفیسر نثار خان، اسٹارٹ اپس کو آرڈی نیٹر، آئی آئی سی سات اعشاریہ صفر اور کوآرڈی نیٹر انوویشن، آئی آئی سی سات اعشاریہ صفر موجود تھے جنھوں نے ورکشاپ کے انعقاد میں اہم رول ادا کیا ہے۔

آئی آئی سی فریم ورک کے تحت یہ ایک اور کامیاب پہل تھی جو جامعہ ملیہ اسلامیہ میں کارجویائی کا ایک فعال اور سرگرم ماحول تیار کرنے کے لیے جامعہ کے وقف ہونے کی تصدیق وتوثیق کرتا ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید
چیف، تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ